## سوالات کے تفصیلاً جوابات لکھیئے :

س :۱ نپولین بوناپارٹ کون تھا اور وہ کیوں مشہور تھا؟

ج : نپولین بوناپارٹ ایک بہادر فرانسیسی لیڈر تھا وہ اپنی بہادری کی وجہ سے سارے یورپ میں مشہور تھا۔

س :۲ آپ کے خیال میں وقت کیا ہے۔ کیا ہم گزرے وقت کو واپس لا سکتے ہیں؟

ج :وقت انسانی زندگی کی اہم ترین شئی ہے۔جس کی قدر و قیمت دراصل انسان کی اپنی قدر و قیمت ہے۔جنم لینے کے وقت سے مرتے دم تک اس کا ہر لمحہ بے شک بہت قیمتی ہے۔ہم کسی بھی قیمت پر گذرے ہوئے وقت کو واپس نہیں لا سکتے ہیں۔

س : واٹرلو کے میدان میں نپولین کو کیوں شکست کا سامنا کرنا پڑا؟

ج : واٹرلو کے میدان میں نپولین کو اُسکے جنرل کی سُستی کو وجہ سے شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

## مختصراً سوالات کے جوابات۔

س :۱ پابندئ وقت سے کیا مراد ہے؟

ج؛ پابندئ وقت سے مُراد ہر ایک کام کا اپنے وقت پر انجام دینے سے ہے۔

س :۲ طالب علم کی کامیابی کیلئے کیا ضروری ہے؟

ج : طالب علم کی کامیابی کیلئے محنت،لگن اور وقت کی پابندی ضروری ہیں۔

س :۳ رمضان میں دیر سے سحری کھانے اور وقت سے پہلے افطار کرنے سے کیا ہوگا؟

ج : رمضان میں دیر سے سحری کھانے اور وقت سے پہلے افطار کرنے سے روزہ ضائع ہوتا ہے۔

## وقت کی اہمیت پر سات جملے لکھئے :

۱۔وقت انسانی زندگی کی اہم ترین شئی ہے۔

۲۔وقت کا ضائع شدہ ایک لمحہ کسی بھی قیمت پر واپس حاصل نہیں کر سکتے ہیں۔

۳۔چاند،سورج اور تارے وقت کے پابند ہے تبھی یہ دنیا کا نظام ڈھنگ سے چل رہا ہے۔

۴۔جس شخص نے لاپرواہی کی اور وقت کو ضائع کیا وہ ناکام ہوتا ہے۔

۵۔جس شخص نے وقت کی قدر و قیمت کو پہچانا وہ کامیاب ہوا۔

۶۔وقت کی پابندی ہر انسان کے لئے اشد ضروری ہے۔

۷۔وقت قدر و قیمت میں مال و دولت سے بڑھ کر ہے۔

### اسم موصول لگائیں۔

۱۔جہاں پر میرا گھر واقع ہے وہاں سامنے ایک پارک ہے۔

۲۔جہاں جہاں ہم گئے وہاں وہاں گندگی کے ڈھیر نظر آئے۔

۳۔جہاں چاہ وہاں راہ۔

۴۔جو محنت کرتا ہے وہ ضرور اس کا پھل پاتا ہے۔

۵۔جس کو انعام ملا وہ میرا بھائی ہے۔

## سبق نمبر۔۵ ہمارا وطن

### الفاظ کو ترتیب دیں۔

**رتبے کے لحاظ سے انسان تمام مخلوقات سے افضل ہے۔**

### سوالات کے تفصیلاً جوابات لکھیئے :

س :۱ شاعر نے وطن کو کس کس چیز سے تشبیہ دی ہے؟

ج : شاعر نے اپنے وطن کو بہت سے چیزوں سے تشبیہ دی ہے جن میں کھیتوں کے دِل کش اور سُہانے مناظر کو ہساروں و آبشاروں کے حسین نظارے قابل ذکر ہیں۔

س :۲ شاعر کو اپنا وطن کیوں پیارا ہے؟

ج : شاعر کو اپنا وطن اِسلئے پیارا ہے کیونکہ اس کی کوخوبصورتی اعلیٰ درجے کی ہے جو کہ جنّت کے مانند ہے۔

### مختصراً سوالات کے جوابات۔

س :۱ کشمیر کے چند مشہور باغات کے نام لکھیئے اور یہ باغات کن بادشاہوں نے لگوائے ؟

ج ۱ :۔ شالیمار باغ : یہ باغ مغل سلطنت سے وابستہ بادشاہ جہانگیر نے ۱۶۱۹ء میں بنوایا تھا۔

۲۔نشاط باغ : یہ باغ ملکہ نور جہاں کے بھائی آصِف خان نے ۱۶۳۳ء میں بنوایا تھا۔

۳۔ٹولپ باغ؛ یہ باغ ریاستی وزیر اعلیٰ جناب غلام نبی آزاد نے سال ۲۰۰۰ء میں سراج باغ میں بنوایا تھا۔

۴۔چشمہ شاہی : یہ باغ ۱۶۳۶ء میں مغلیہ گورنر علی مردان خان نے بنوایا تھا۔

س : ۲ مغل بادشاہوں کی تعمیر کی گئی چند عمارتوں کے نام لکھیئے :

ج : مغل بادشاہوں کی تعمیر کی گئی چند عمارتوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔تاج محل،لال قلعہ،قلعہ آگرہ،جودھا بھائی محل،جامع مسجد دہلی، بلند دروازہ (یعنی فتح پور سکری وغیرہ)۔

س : ۳ کشمیر کی چند مشہور جھیلیوں کے نام لکھیئے :

ج : کشمیر کی چند مشہور جھیلیوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔جھیل وُلر،جھیل ڈل،جھیل مانسبل وغیرہ۔

## دوسرے بند کے ہم آواز الفاظ۔

آبشاریں، بہاریں، قطاریں، یادگاریں،

### ہم آواز الفاظ۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اعتبار۔ | جانثار، | وفادار، | ہوشیار، | سمجھدار |
| نظّارا۔ | پٹارا، | سہارا، | ہمارا، | تمہارا |
| زمین۔ | ذہین، | متین، | مہین، | مکین |

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| دلکش | چاند کا نظارا بڑا ہی دلکش ہے۔ |
| الفت | استاد کو اپنے طلبہ سے بہت الفت ہے۔ |
| زندگی | زندگی اللہ کی نعمت ہے۔ |
| مناظر | وادی کے مناظر نہایت ہی دلکش ہیں۔ |

**اسم معرفہ:۔** ہاری پربت،جہلم، چناب، چشمہ شاہی،جھیل مانسبل،نسیم باغ

**اسم نکرہ:۔** کھیت، پہاڑ، دریا، چشمے، شہر

# سبق نمبر۔٦ مادام کیوری

**الفاظ کو ترتیب دیں۔**

نیکی کرنے میں دیر نہ کرو اور بدلہ لینے میں جلدی نہ کرو۔

## مفصل جوابات۔

س :مانیا کا نام ماریا کیسے پڑا؟

ج :جب مانیا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کیلئے پیرس چلی گئی تو یہاں پہنچ کر اس کا نام 'ماریا' پڑ گیا۔کیونکہ فرانسیسی زبان میں مانیا کو ماریا کہتے ہیں۔

س :۲علم طبعیات کیا ہے؟

ج :جس علم کے ذریعے قدرت کی بنائی ہوئی چیزوں کی حقیقت معلوم کی جاتی ہے۔اس کو علم طبعیات (Physics) کہتے ہیں۔

س :۳ریڈئم کس کام آتا ہے۔اور اس کا سب سے بڑا فائدہ کیا ہے؟

ج :ریڈئم کے فوائد بہت ہیں۔لیکن اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ یہ مہلک بیماریوں کے علاج میں کام آتا ہے۔

س :۴مادام کیوری کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

ج :مادام کیوری کی زندگی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کیلئے ہمہ تن کوشش کرنی چاہیئے چاہے ہمیں کتنی ہی دشوریوں کا سامنا کیوں نہ کرنا پڑے۔

## مختصراً سوالات کے جوابات لکھیئے :

س :۱میڈم کیوری کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

ج :میڈم کیوری ۷ نومبر ۱۸۶۷ء میں پولینڈ کے مشہور شہر میں پیدا ہوئیں۔

س :۲میڈم کیوری کو نوبل پرائیز کب ملا؟

ج :میڈم کیوری کو سال ۱۹۰۳ء میں علم طبعیات میں اُنکی نمایاں کارکردگی کی بنا پر نوبل پرائیز ملا۔

س :۳ماریہ کی زندگی کیسی تھی؟

ج :ماریہ کی زندگی سیدھی سادھی تھی مگر وہ ہمیشہ اپنی زندگی میں تحربات کرنے میں مشغول رہتی تھی۔

**خالی جگہیں پر کریں۔**

۱۔ غریب ۲۔سائنس ۳۔پیرس ۴۔سادہ ۵۔محنت

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| حیرت | مجھے دیکھ کر سب کو حیرت ہوئی۔ |
| مشہور | سرینگر ایک مشہور شہر ہے۔ |
| مال دار | عرب کے لوگ مال دار ہیں۔ |
| عزّت | ہر ایک کو اپنی عزّت پیاری ہوتی ہے۔ |

| لفظ | ضد | لفظ | ضد |
|---|---|---|---|
| نزدیک | دور | امیری | غریبی |
| نفرت | محبت | پرانا | نیا |
| ناخوش | خوش | بدصورت | خوبصورت |
| گم نام | نام ور / نام دار | امید | ناامید |
| پُرامید | نااُمید | | |

# سبق نمبر۔ ۷ اچھّا بیٹا

## الفاظ کو ترتیب دیں۔

**تم میں سب سے اچھا شخص وہ ہے جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں۔**

## تفصیلی سوالات :

س : اماں باپ اپنی اولاد کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی کیوں دُعا کرتے ہیں؟

ج : ماں باپ اپنی اولاد کے نیک اور فرمانبردار ہونے کی دعا اسلیے کرتے ہیں تا کہ وہ ہمیشہ ان کی خدمت کریں اور وہ ان کی نیک نامی اور سرخروئی کا باعث بنیں۔

س: اچھے بیٹے کے دل میں کس بات کا شوق ہر وقت موجود رہتا ہے اور اس کیلئے وہ کیا کرتا ہے؟

ج : اچھے بیٹے کے دِل میں ہمیشہ اپنے اور اپنے ماں باپ کے نام کو روشن کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ جس کیلئے وہ اپنی زندگی کی تمام تر توانائی استعمال میں لاتا ہے اور یہی اچھے اور شریف بچّے کی پرکھ ہوتی ہے۔